# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## ORDERS OF THE DAY

for the meeting of the National Assembly to be held on Monday, the 26th August, 2024 at 5.00 p.m.

**1.** *Tilawat, Hadith, Naat* and national anthem.

**QUESTIONS**

**2.** Questions entered in a separate list to be asked and answers given.

**CALLING ATTENTION NOTICE**

**3.** **MS. FARAH NAZ AKBAR** **MS. NUZHAT SADIQ**
**MS. ASIYA NAZ TANOLI** to invite attention of the Minister-in-Charge for National Health Services, Regulations and Coordination to a matter of urgent public importance regarding emergence of monkeypox cases in the country, causing grave concern amongst the public.

**REPORTS OF THE STANDING COMMITTEE-PRESENTATION OF:**

**4.** **SYED AMIN UL HAQ**, Chairman Standing Committee on Information Technology and Telecommunication to move that the delay in the presentation of the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Pakistan Telecommunication (Re-organization) Act, 1996 and the Prevention of Electronic Crimes Act, 2016 [The Establishment of Telecommunication Appellate Tribunal Bill, 2024] (Ordinance No. VIII of 2023), till today be condoned.

**5.** **SYED AMIN UL HAQ**, Chairman Standing Committee on Information Technology and Telecommunication to present the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Pakistan Telecommunication (Re-organization) Act, 1996 and the Prevention of Electronic Crimes Act, 2016 [The Establishment of Telecommunication Appellate Tribunal Bill, 2024].

**6.** **MR. FATEH ULLAH KHAN**, Chairman Standing Committee on Defence to move that the delay in the presentation of the report of the Standing Committee on the Bill to regulate the cultivation of cannabis plant, extraction, refining, manufacturing and sale of derivatives of the plant for medicinal and industrial use [The Cannabis Control and Regulatory Authority Bill, 2024], till today be condoned.

**7.** **MR. FATEH ULLAH KHAN**, Chairman Standing Committee on Defence to present the report of the Standing Committee on the Bill to regulate the cultivation of cannabis plant, extraction, refining, manufacturing and sale of derivatives of the plant for medicinal and industrial use [The Cannabis Control and Regulatory Authority Bill, 2024].

**8.** **MS. HINA RABBANI KHAR**, Chairperson Standing Committee on Foreign Affairs to move that the delay in the presentation of the report of the Standing Committee on the Bill to give effect to the convention on abolishing the requirement of legalization for the foreign public documents [The Apostille Bill, 2024], till today be condoned.

**9.** **MS. HINA RABBANI KHAR**, Chairperson Standing Committee on Foreign Affairs to present the report of the Standing Committee on the Bill to give effect to the convention on abolishing the requirement of legalization for the foreign public documents [The Apostille Bill, 2024].

**10.** **MR. MUHAMMAD FAROOQ SATTAR**, Chairman Standing Committee on Privatization to move that the delay in the presentation of the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Privatization Commission Ordinance, 2000 [The Privatization Commission (Amendment) Bill, 2024], till today be condoned.

**11.** **MR. MUHAMMAD FAROOQ SATTAR**, Chairman Standing Committee on Privatization to present the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Privatization Commission Ordinance, 2000 [The Privatization Commission (Amendment) Bill, 2024].

**12.** **CH. MAHMOOD BASHIR VIRK**, Chairman Standing Committee on Law and Justice to present the report of the Standing Committee on Point of Order regarding Judgement dated 24th July, 2024 of the Hon. Supreme Court of Pakistan in case titled "The State vs. Mubarak Ahmad Sani and another".

**13.** **RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ**, Chairman Standing Committee on Interior to present the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Islamabad Capital Territory Local Government Act, 2015 [The Islamabad Capital Territory Local Government (Amendment) Bill, 2024].

## MOTION

**14.** **SENATOR SYED MOHSIN RAZA NAQVI,** Minister for Interior to move under rule 288 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 that the requirement of sub-rule (2) of rule 123 of the said rules be suspended in order to take into consideration the Islamabad Capital Territory Local Government (Amendment) Bill, 2024.

## LEGISLATIVE BUSINESS

**15.** **SENATOR SYED MOHSIN RAZA NAQVI,** Minister for Interior to move that the Bill further to amend the Islamabad Capital Territory Local Government Act, 2015 [The Islamabad Capital Territory Local Government (Amendment) Bill, 2024], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**16.** **SENATOR SYED MOHSIN RAZA NAQVI,** Minister for Interior to move that the Bill further to amend the Islamabad Capital Territory Local Government Act, 2015 [The Islamabad Capital Territory Local Government (Amendment) Bill, 2024], be passed.

## PAPERS TO BE LAID BEFORE THE NATIONAL ASSEMBLY:

**17.** **MINISTER-IN-CHARGE** of the Cabinet Secretariat to lay before the National Assembly the Annual Report of National Economic Council (NEC) for Financial Year 2020-21, as required by clause (5) of Article 156 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

**18.** **MINISTER-IN-CHARGE** of the Cabinet Secretariat to lay before the National Assembly the Annual Reports of Federal Public Service Commission for the years 2021 and 2022, as required under sub-section (1) of section 9 of the Federal Public Service Commission Ordinance, 1977 (XLV of 1977).

## MOTIONS

**19.** **DR. KHALID MAQBOOL SIDDIQUI,** Minister for Federal Education and Professional Training to move that **Mr. Sajid Mehdi, Raja Qamar Ul Islam, Ms. Sofia Saeed Shah, Ms. Mahtab Akbar Rashdi and Ms. Shahida Begum, MNAs** be elected as Members of the Board of Governors of National Book Foundation, Ministry of Federal Education and Professional Training, as required by paragraph (ii) of clause (7) of sub-section (1) of section 4 of the National Book Foundation Act, 1972.

**20.** **DR. KHALID MAQBOOL SIDDIQUI,** Minister for Federal Education and Professional Training to move that **Ms. Nuzhat Sadiq, Dr. Nafisa Shah and Khawaja Izhar-Ul Hassan, MNAs** be elected as Members of the Federal Board of Intermediate and Secondary Education (FBISE), as required by clause (j) of section 5 of the Federal Board of Intermediate and Secondary Education Act, 1975.

## MOTION OF THANKS

**21.** **Further discussion** on the following motion moved by **SENATOR AZAM NAZEER TARAR,** Minister for Law and Justice and Parliamentary Affairs on 24th April, 2024:-

> "This House expresses its deep gratitude to the President of Pakistan for his address to both Houses assembled together on 18th April, 2024."

## MATTERS OTHER THAN POINTS OF ORDER

**22.** Raising matters under Rule 18 which are not Points of Order.

## CALLING ATTENTION NOTICE

**23.** **MR. NISAR AHMED** **MR. MUHAMMAD JAMAL AHSAN KHAN**
**MR. SHAFQAT ABBAS** **MR. MUHAMMAD ALI SARFRAZ** to invite attention of the Minister for Federal Education and Professional Training to a matter of urgent public importance regarding use of narcotics by the students in universities, colleges and schools in Islamabad, causing grave concern amongst the public.

**Islamabad, the**
**25th August, 2024**

**TAHIR HUSSAIN**
**Secretary General**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## نظام کار

### برائے اجلاس قومی اسمبلی جو پیر، ۲۶/اگست، ۲۰۲۴ء کو شام پانچ بجے منعقد ہو گا۔

۱۔ تلاوت، حدیث، نعت اور قومی ترانہ۔

## سوالات

۲۔ علیحدہ فہرست میں درج سوالات دریافت کیے جائیں گے اور ان کے جوابات دیئے جائیں گے۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

۳۔ **محترمہ فرح ناز اکبر** **محترمہ نزہت صادق** **محترمہ آسیہ ناز تنولی**

وزیر انچارج برائے قومی صحت خدمات، ضوابط و معاونت کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گی جو ملک میں منکی پاکس کیسز کے ظاہر ہونے سے متعلق ہے۔

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹوں کا پیش کرنا

۴۔ **سید امین الحق**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی مواصلات تحریک پیش کریں گے کہ پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن (تنظیم نو) ایکٹ، ۱۹۹۶ء اور الیکٹرانک جرائم کی روک تھام ایکٹ، ۲۰۱۶ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [ٹیلی کمیونیکیشن اپیلیٹ ٹربیونل کے قیام کا بل، ۲۰۲۴ء (آرڈیننس نمبر ۸ بابت ۲۰۲۳ء)] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔

۵۔ **سید امین الحق**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی مواصلات پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن (تنظیم نو) ایکٹ، ۱۹۹۶ء اور الیکٹرانک جرائم کی روک تھام ایکٹ، ۲۰۱۶ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [ٹیلی کمیونیکیشن اپیلیٹ ٹربیونل کے قیام کا بل، ۲۰۲۴] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

۶۔ **جناب فتح اللہ خان**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاع تحریک پیش کریں گے کہ بھنگ کے پودے کی کاشت، استخراج، خالص بنانے، تیار کرنے اور پودے کے ماخوذ کی طبّی اور صنعتی استعمال کے لیے فروخت کے انضباط کے بل [بھنگ کے کنڑول اور انضباطی اتھارٹی کا بل، ۲۰۲۴ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔

۷۔ **جناب فتح اللہ خان**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاع بھنگ کے پودے کی کاشت، استخراج، خالص بنانے، تیار کرنے اور پودے کے ماخوذ کی طبّی اور صنعتی استعمال کے لیے فروخت کے انضباط کے بل [بھنگ کے کنڑول اور انضباطی اتھارٹی کا بل، ۲۰۲۴ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

۸۔ **محترمہ حنا ربانی کھر**، چیئرپرسن قائمہ کمیٹی برائے خارجہ امور تحریک پیش کریں گی کہ غیر ملکی سرکاری دستاویزات کے قانونی جواز کے خاتمے پر کنونشن کو مؤثر بنانے کے بل [تحشیہ بل، ۲۰۲۴ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔

۹۔ **محترمہ حنا ربانی کھر**، چیئرپرسن قائمہ کمیٹی برائے خارجہ امور غیر ملکی سرکاری دستاویزات کے قانونی جواز کے خاتمے پر کنونشن کو مؤثر بنانے کے بل [تحشیہ بل، ۲۰۲۴ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گی۔

۱۰۔ **جناب محمد فاروق ستار**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے نجکاری تحریک پیش کریں گے کہ نجکاری کمیشن آرڈیننس، ۲۰۰۰ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [نجکاری کمیشن (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔

۱۱۔ **جناب محمد فاروق ستار**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے نجکاری، نجکاری کمیشن آرڈیننس، ۲۰۰۰ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [نجکاری کمیشن (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

۱۲۔ **چوہدری محمود بشیر ورک**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قانون و انصاف مقدمہ بعنوان "ریاست بنام مبارک احمد ثانی اور دیگر" میں فاضل عدالت عظمیٰ کے ۲۴ جولائی، ۲۰۲۴ء کے فیصلہ کے ضمن میں نقطہ اعتراض پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

۱۳۔ **راجہ خرم شہزاد نواز**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ علاقہ دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت ایکٹ، ۲۰۱۵ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [علاقہ دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## تحریک

۱۴۔ **سینیٹر سید محسن رضا نقوی**، وزیر برائے داخلہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۸۸ کے تحت تحریک پیش کریں گے کہ علاقہ دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء زیر غور لانے کے لئے مذکورہ قواعد کے قاعدہ ۱۲۳ کے ذیلی قاعدہ (۲) کی مقتضیات کو معطل کیا جائے۔

## قانون سازی

۱۵۔ **سینیٹر سید محسن رضا نقوی**، وزیر برائے داخلہ تحریک پیش کریں گے کہ علاقہ دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت ایکٹ، ۲۰۱۵ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [علاقہ دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۱۶۔ **سینیٹر سید محسن رضا نقوی**، وزیر برائے داخلہ تحریک پیش کریں گے کہ علاقہ دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت ایکٹ، ۲۰۱۵ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [علاقہ دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] منظور کیا جائے۔

## قومی اسمبلی کے سامنے رکھے جانے والے کاغذات

۱۷۔ **وزیر انچارج** برائے کابینہ سیکریٹریٹ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۱۵۶ کی شق (۵) کی مقتضیات کے مطابق قومی اقتصادی کونسل (این ای سی) کی سالانہ رپورٹ برائے مالی سال ۲۱۔۲۰۲۰ء قومی اسمبلی کے سامنے رکھیں گے۔

۱۸۔ **وزیر انچارج برائے کابینہ سیکرٹریٹ** فیڈرل پبلک سروس کمیشن آرڈیننس، ۱۹۷۷ء (نمبر ۴۵ بابت ۱۹۷۷ء) کی دفعہ ۹ کی ذیلی دفعہ (۱) کی مقتضیات کے مطابق فیڈرل پبلک سروس کمیشن کی سالانہ رپورٹیں برائے سال ۲۰۲۱ء اور ۲۰۲۲ء قومی اسمبلی کے سامنے رکھیں گے

## تحاریک

۱۹۔ **ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی**، وزیر برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت تحریک پیش کریں گے کہ نیشنل بک فاؤنڈیشن ایکٹ، ۱۹۷۲ء کی دفعہ ۴ کی ذیلی دفعہ (۱) کی شق (ے) کے پیرا (ii) کی مقتضیات کے مطابق **جناب ساجد مہدی، راجہ قمر الاسلام، محترمہ صوفیہ سعید شاہ، محترمہ مہتاب اکبر راشدی اور محترمہ شاہدہ بیگم، اراکین قومی اسمبلی** کو نیشنل بک فاؤنڈیشن، وزارت وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت کے بورڈ آف گورنرز کے اراکین کی حیثیت سے منتخب کیا جائے۔

۲۰۔ **ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی**، وزیر برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت تحریک پیش کریں گے کہ فیڈرل بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ایکٹ، ۱۹۷۵ء کی دفعہ ۵ کی شق (ی) کی مقتضیات کے مطابق **محترمہ نزہت صادق، ڈاکٹر نفیسہ شاہ اور خواجہ اظہار الحسن، اراکین قومی اسمبلی** کو فیڈرل بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن (ایف بی آئی ایس ای) کے اراکین کی حیثیت سے منتخب کیا جائے۔

## تحریک تشکر

**۲۱۔** **سینیٹر اعظم نذیر تارڑ**، وزیر برائے قانون و انصاف اور پارلیمانی امور کی جانب سے ۲۴، اپریل، ۲۰۲۴ء کو پیش کردہ درج ذیل تحریک پر مزید بحث:۔

"یہ ایوان ۱۸، اپریل، ۲۰۲۴ء کو یکجا دونوں ایوانوں کے اجلاس سے صدر پاکستان کے خطاب پر ان سے اپنے گہرے تشکر کا اظہار کرتا ہے۔"

## نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات

**۲۲۔** قاعدہ ۱۸ کے تحت نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات کا اٹھانا۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

**۲۳۔** **جناب نثار احمد** **جناب محمد جمال احسن خان** **جناب شفقت عباس**
**جناب محمد علی سرفراز** وزیر برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو اسلام آباد میں یونیورسٹیوں، کالجوں اور اسکولوں کے طالب علموں کی جانب سے منشیات کے استعمال سے متعلق ہے۔

**اسلام آباد،**
**۲۵/اگست، ۲۰۲۴ء**

**طاہر حسین**
**سیکرٹری جنرل**